2806-اگر قرض کی ادائیگی کے وقت قرض دینے والا نہ ملے تو کیا کرنا ہوگا

سوال

چند برس قبل میں نے اپنے ایک دوست سے قرضہ لیا، لیکن مجھے اس کی جگہ کا علم نہیں میں نے اسے بہت دیر تک تلاش کیا لیکن نہیں ملا، جس کی بنا پر میں بہت پریشان ہوں، لھذا اب مجھے اس مال کا کیا کرنا چاہیے جو میں نے قرض لیا تھا؟

جبکہ ان آخری برسوں میں اس کرنسی کی قیمت بھی کم ہو چکی ہے جو میں نے قرض میں حاصل کی تھی تو کیا مجھے اسی طرح رقم واپس کرنا ہوگی جس طرح لی تھی یا کہ کرنسی کی قیمت میں کمی کا بھی حساب کرنا ہوگا؟

پسندیدہ جواب

آپ نے جس کرنسی
میں قرضہ لیا تھا اگر تو اس کی کوئی قدر و قیمت ہے تو پھر اسی مبلغ کو واپس کرنا واجب ہے
، اور جب آپ نے اس شخص کو تلاش کرنے میں پوری تگ و دو اور کوشش سے کام لیا لیکن اس کے
باوجود وہ نہیں ملتا تو آپ اس کی جانب سے وہ مال صدقہ کر دیں اللہ تعالی اسے اجر و ثواب
دیں گے، اور اللہ تعالی اپنے بندوں کو دیکھنے والا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

لیکن فرض کریں اگر بعد میں آپ کو اس کا
علم ہو جاتا ہے اور وہ شخص مل جائے تو آپ پر وہ قرض کی ادائیگی واجب ہوگی۔اگرچہ آپ نے
اس کی جانب سے صدقہ بھی کر دیا ہو۔لیکن اگر وہ صدقہ کو صحیح قرار دیتا اور قبول کر لیتا
ہے تو پھر اس کا حق ساقط ہو جائے گا۔

واللہ اعلم.